سوال

اب میں اپنے ملک کی کسی لڑکی سے شادی کرنے کی تیار کررہا ہوں ، لیکن میں طالب علم ہونے کی وجہ سے اسے اپنے ساتھ اس ملک میں نہیں لاسکتا ، اور مجھے یہ بھی علم ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا تھا کہ : خاوند کا تین ماہ سے زیادہ اپنی بیوی سے دور رہنا جائز نہیں ۔ اور مسئلہ یہ ہے کہ میں کم از کم ایک سال سے پہلے اپنے ملک واپس نہیں جاسکتا ، تو کیا میرے لیے یہ ممکن ہے کہ میں شادی کرلوں اور اسلام کے اس قاعدہ (ضروریات محظوارت کو مباح کردیتی ہیں) پر عمل کرتے ہوئے اپنی بیوی سے دور رہوں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

الحمد للہ

جب بیوی اس پر راضی ہوجائے کہ آپ اتنی مدت اس سے دور رہ سکتے ہیں تو اس میں کوئی حرج والی بات نہیں ۔

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو ہر قسم کی بھلائی اور خیر کی توفیق عطا فرمائے آمین یا رب العالمین ۔

واللہ اعلم .

الشیخ محمد صالح المنجد

2407